Nestlé Good food, Good life

Press Release

LAHORE, April27, 2022

لاہور:27اپریل،2023

نیسلے پاکستان کا 2023کی پہلی سہ ماہی کےلئے سیلز کا اعلان

نیسلے پاکستان نے 2023کی پہلی سہ ماہی کےلئے 49.5 بلین روپے کی سیلز کا اعلان کیا ہے جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 31.3 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتاہے۔فروخت میں اضافہ، موزوں پراڈکٹ مکس اور منجمد لاگتوں پر سخت کنٹرول کے نتیجہ میں آپریٹنگ منافع بھی بہتر ہوا۔

مالیاتی نتائج کا اعلان ہیڈ آفس میں منعقدہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کے دوران کیا گیا۔

کمپنی کی طرف سے نمو کے شعبوں پر توجہ کے ساتھ ساتھ موزوں پورٹ فولیو مکس اور قیمتوں کے تعین کے نظام کی مددسے آمدنی میں اضافہ ہوا۔ ریکارڈ افراط زر اور اجناس کی قیمتوں اور ٹیکسوں میں اضافہ، کرنسی کی بے قدری، غیر ملکی زرمبادلہ کے محدود ذخائرکی دستیابی کے باعث برآمدات میں کمی کے ساتھ ساتھ 2022 کے تباہ کن سیلاب کے اثرات کے باوجود مالی نتائج میں بہتری حاصل ہوئی ہے۔

کمپنی جاری بیرونی چیلنجز کے تناظر میں بقیہ سال کےلئے ترقی کے بارے میں محتاط امید کا اظہار کرتی ہے۔

Ends

For further information, please contact:
Muhammad Rahat Hussain
Corporate Manager Public Affairs & Media Relations
Nestlé Pakistan
muhammadrahat.hussain@pk.nestle.com